## بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کیلئے حکومت سے گفت وشنید جاری ہے، بہت جلد اہم اعلان کیا جائے گا، ڈاکٹر فاروق ستار

## سعودی عرب میں پاکستان انٹرنیشنل عزیزیہ کی جشن آزادی کی تقریب سے خطاب

سعودی عرب۔۔۔18، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ بیرون ملک پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کیلئے حکومت سے گفت و شنید جاری ہے اور اس سلسلے میں بہت جلد اہم اعلان کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے سعودی عرب کے شہر جدہ میں پاکستان انٹرنیشنل اسکول عزیزیہ کے زیر اہتمام جشن آزادی کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں سینکڑوں پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں، بچوں اور خواتین نے شرکت کی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو تیسرے درجے کا شہری بنا دیا گیا ہے لیکن اب انہیں اس احساس کمتری سے باہر نکالا جائیگا، اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کو مستحکم ادارہ بنایا جائیگا اور بیرون ملک سے زرمبادلہ کی بھاری رقوم پاکستان بھیجنے والوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل چھ کے ذریعے کسی فردِ واحد کو سزا دلانا کافی نہیں ہم یہ بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ 6 برس میں جن لوگوں نے بڑے بڑے قرضے لئے ہیں ان سے وہ قرضے واپس لئے جائیں اور ملک کے عوام کا پیسہ قومی خزانوں میں واپس لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہے تو ہم ہیں پاکستان بیت اللہ محسود یا مسلم خان کا نہیں پاکستان قائداعظم کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بیرونی خطرات سے زیادہ اندرونی خطرات کا سامنا ہے جسکا مقابلہ ہمیں قومی یکجہتی کے ذریعے کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر بلدیاتی نظام ختم کیا گیا تو یہ جمہوریت کا قتل ہوگا ہمیں ملک کی ترقی کے لئے متوسط طبقے کو آگے آنے کا موقع فراہم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ لینڈ مافیا ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اب تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینے کا وقت آگیا ہے۔ ڈاکٹر فاورق ستار نے لاکھوں پاکستانی افرادی قوت کو سعودی عرب میں خدمات کا موقع فراہم کرنے پر خادم الحرمین شریفین شاہ عبداللہ بن عبدالعزیز کا شکریہ ادا کیا ، شرکاء کو جشن آزادی کی مبارکباد دی اور بچوں اور فنکاروں میں انعامات بھی تقسیم کئے۔ اس موقع پر محبان پاکستان اوورسیز سعودی عرب و مڈل ایسٹ کے عہدیداران بھی موجود تھے۔

## ایم کیو ایم کے تحت ڈیفنس، ایف بی ایریا اور لیاقت آباد میں طبی امدادی کیمپوں کا قیام

## طبی کیمپوں سے مجموعی طور پر ہزاروں افراد مستفید ہوئے، رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد خانی،

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نیک محمد، قاسم علی، سیف یار خان اور ڈاکٹر علی حسین نے طبی امدادی کیمپوں کے دورے کئے

کراچی۔۔۔18، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کے زیر اہتمام پندرہ روزہ طبی امدادی اور بلڈ کیمپس کے قیام کے سلسلے میں شہر کے تین مختلف علاقوں میں طبی امدادی اور بلڈ کیمپس لگائے گئے جہاں مجموعی طور پر ہزاروں مریضوں کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ یہ طبی امدادی اور بلڈ کیمپس ڈیفنس کے علاقے شاہ رسول کالونی، فیڈرل بی ایریا کے علاقے حسین آباد اور لیاقت آباد ڈاکخانہ کے مقام پر لگائے گئے جن پر ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور بعض مریضوں کو علاج ومعالجہ کی مزید سہولیات کیلئے قریبی اسپتالوں ریفر کیا۔ طبی امدادی کیمپوں پر خواتین، بزرگ، نوجوانوں اور بچوں کا ہجوم صبح سے شام تک جاری رہا جہاں سے مریضوں کو لاکھوں روپے مالیت کی مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں جبکہ بلڈ کیمپوں میں ایم کیو ایم کے کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے خون کے عطیات بھی جمع کرائے۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گزشتہ پندرہ روز میں شہر کے مختلف علاقو میں طبی و بلڈ کیمپوں کا انقعقاد کیا جارہا ہے اور ان طبی کیمپون سے ہزاروں افراد استفادہ کر چکے ہیں۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد خانی، رابطہ کمیٹی کے ارکان نیک محمد اور قاسم علی رضا نے فیڈرل بی ایریا حسین آباد جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان اور ڈاکٹر علی حسین نے لیاقت آباد ڈاکخانہ اور ڈیفنس شاہ رسول کالونی میں لگائے گئے طبی امدادی کیمپوں کا دورہ کیا اور مریضوں سے طبی سہولیات کی فراہمی کے بارے میں معلومات حاصل کی اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے بلڈ کیمپوں پر خون کے عطیات دینے والے ایم کیو ایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے جذبہ کو سراہا۔ رابطہ کمیٹی نے طبی امدادی کیمپوں سے مستفید ہونے والے نوجوانوں، بزرگ اور خواتین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر بلا امتیاز وتفریق عوامی خدمات انجام دے رہی ہے اور اس کا ثبوت شہر میں لگنے والے پندرہ روزہ طبی امدادی کیمپس کے قیام کی مہم ہے۔ اس موقع پر طبی کیمپوں سے استفادہ کرنے والے مریضوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے

دعائیں بھی کیں۔

## ملک بھر کے منتخب بلدیاتی نمائندوں اورعوام کا مئوقف سنے بغیر بلدیاتی نظام کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنا ہرگز منصفانہ نہیں ہوسکتا،ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔18،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام کے مستقبل کے بارے میں ملک بھر کے منتخب بلدیاتی نمائندوں اورعوام کا مئوقف سنے بغیر فیصلہ کرنا ہرگز منصفانہ نہیں ہوسکتا۔۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کے مستقبل کے بارے میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے خیالات کی روشنی میں ملک بھر کے بلدیاتی نمائندوں اورعوام کا مئوقف سن لینا جمہوری حکومت کا وہ مثبت اقدام ہوگا جس سے ملک میں جمہوریت کی راہیں مزید ہموار ہوں گی اور ملک وقوم ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن ہوگی۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ ملک مزید احساس محرومیوں کا متحمل نہیں ہوسکتا لہٰذا بلدیاتی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ کئے جانے سے قبل ملک بھر کے منتخب بلدیاتی نمائندوں اورعوام کی خواہشات کا احترام یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے بزرگ کارکن عثمان خان درانی کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔18،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈرزونگ کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن عثمان خان درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ اورعثمان خان درانی کے انتقال پررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔18،اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ محترمہ افروز سلطانہ اورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے بزرگ کارکن عثمان خان درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے مرکزی شکایتی سیل میں موصول ہونیوالی شکایات حق پرست نمائندوں کے توسط سے حل کرنے کا سلسلہ جاری

کراچی۔۔۔18/اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرخورشیدبیگم میموریل ہال عزیزآبادمیں قائم مرکزی شکایتی سیل پرعوام کی جانب سے موصول ہونیوالی شکایتوں،ان کی سماعت اورانہیں حل کیئے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔گزشتہ ایک ہفتے کے دوران اس شکایتی سیل کو مجموعی طور پر 458 شکایتیں بذریعہ ٹیلی فون فیکس اورای میل موصول ہوئیں جبکہ شہریوں نے بھی زاتی طور پرپیش ہوکربھی اپنی شکایتیں درج کرائیں۔یہ شکایات بنیادی طور پرشہری سہولتوں کی عدم فراہمی یااس میں حائل رکاوٹوں کے حوالے سے تھیں جس میں سے بیشتر شکایات حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء ومشیران کے علاوہ بلدیاتی نمائندوں سٹی ناظم کراچی،نائب سٹی ناظمہ کراچی،ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین اورکونسلرز کے توسط سے حل کرلی گئیں۔

☆☆☆☆☆